RAMPUR GOVT GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۱۲ ہجری مطابق ۱۱ مارچ ۱۸۹۵ عیسوی | جلد ۷

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۱۷ فروری ۱۸۹۵ء

دربارہ توسیع میعاد خدمات منشی محمد نعیم اللہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ نہار

آج پیش بحضور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم و ملکم اجلاس کونسل پیش ہوئی چٹھی گورنمنٹ نمبری ۴۶۵-۱ ای مورخہ ۸ فروری ۱۸۹۵ء ملاحظہ ہوئی توسیع میعاد خدمات منشی محمد نعیم اللہ صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ نہار لغایت ۲۶ مارچ ۱۸۹۵ء منظور ہوئی ہے لہذا تجویز ہوا کہ مثل بنا بر اطلاع اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

نقل حکم کونسل اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر مین مرسل ہو
اور ایک نقل اس حکم کی برائے درج گزٹ ہو — ۲۶ فروری ۱۸۹۵ء

[illegible]

حکم اجلاس کامل — واقع ۱۷ فروری ۱۸۹۵ء

آج مثل حضور پرنور ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم
باجلاس کونسل پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ انسپکٹران پولیس
کے واسطے کرایہ ریل درجۂ درمیانی حساب مصارف سفر خرچ مین
لگایا جایا کرے مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب وائس
پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون اور ایک نقل
برای درج گزٹ مرسل ہو — ۲۶ فروری ۱۸۹۵ء

[illegible]

خلاصہ مقدمہ درباب تشریح کرایہ ریل ہای انسپکٹران پولیس

حسب تحریک افسر آڈٹ اجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر سے
بتاریخ ۲۰ دسمبر ۱۸۹۴ء تجویز ہوئی کہ انسپکٹران پولیس کے واسطے کرایہ
ریل درجۂ ڈیوڑھا حساب مصارف سفر خرچ مین لگایا جایا کرے اوس پر
امداد حسین و محمد رضا خان انسپکٹران حلقہ نے عذرات پیش کیے کہ تمام
برٹش گورنمنٹ مین انسپکٹران اور نیز اون سب انسپکٹران کو جنکی تنخواہ
پچاس روپیہ سے زائد ہے دوسرے درجے کا دونا کرایہ ملتا ہے جسکو واسطے
سرکلر نمبر ۳۲ ۱۸۸۵ء و پولیس گزٹ مورخہ ۲۶ جنوری ۱۸۸۸ء عیسوی
مشتہر ہو چکا ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نے بذریعہ تحریر انگریزی
عرضی مذکور باجلاس صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر ارسال کی
صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر تحریر فرماتے ہین کہ ایکبار تصفیہ
کرایۂ ریل انسپکٹران پولیس ہو چکا ہے اب پھر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر
پولیس نے تحریک کی ہے لہذا مثل کونسل مین پیش ہو —

حکم اجلاس کامل — واقع یکم مارچ ۱۸۹۵ء

مثل منظوری رخصت ممبر مال بہادر بمیعاد یکماہ

ازانجا کہ بحکم ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر ان کونسل صاحب ممبر مال بہادر
کو باعث علالت یکماہ کی رخصت دی گئی ہے لہذا زمانہ رخصت
صاحب بہادر ممدوح مین صاحبزادہ محمد عبد المجید خانصاحب بہادر
سکرٹری کونسل قائم مقام صاحب ممبر مال بہادر مقرر کیے گئے —
تجویز ہوا کہ ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو اور ایک نقل اسکی بخدمت
صاحب رزیڈنٹ پولیٹکل افسر بہادر مرسل ہو —
احکام ضابطہ جاری ہون —

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم — دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر — دستخط صاحب سکرٹری بہادر

ترقی و تقرر و برخاستگی ملازمان پولیس بماہ فروری ۱۸۹۵ع حسب منظوری صاحب اسسٹنٹ ریذیڈنٹ بہادر کونسل

ترقی

۱- خیراتی لال ہیڈ کانسٹبل متعینہ دفتر مشاہرہ دار [illegible] کو [illegible] ترقی دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری ۱۸۹۵ع —

۲- سید رضا علی جمعدار اسٹیشن [illegible] مشاہرہ دار [illegible] کو [illegible] ترقی دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری ۱۸۹۵ع —

۳- ولی محمد ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم مشاہرہ دار [illegible] کو [illegible] ترقی دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری ۱۸۹۵ع —

۴- نندکشور مددگار اسٹیشن [illegible] مشاہرہ دار [illegible] کی ترقی ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم پر دیگئی من ابتداے ۱۶ جنوری ۱۸۹۵ع —

تقرر

۱- تصدق حسین بمشاہرہ [illegible] ماہوار ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم مقرر ہوے من ابتداے ۱۶ جنوری ۱۸۹۵ع —

۲- حشمت علیخان بمشاہرہ [illegible] ماہوار ہیڈ کانسٹبل درجہ چہارم مقرر ہوے من ابتداے ۱۶ جنوری ۱۸۹۵ع —

برخاستگی

۱- محمد حسین ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار [illegible] فوت ہو گئے لہذا برخاستگی اونکی یکم فروری ۱۸۹۵ع سے عمل مین آئی —

۲- اسحاق خان سب انسپکٹر مشاہرہ دار [illegible] بجرم [illegible] قید ہو گئے لہذا برخاستگی عمل مین آئی —

روبکار اجلاس صاحب جج [illegible] ممبر بہادر [illegible]

واقع ۲۲ فروری ۱۸۹۵ع

عدالتہاے دیوانی و فوجداری سے جو [illegible] اس اجلاس مین بطور اپیل یا کسی دوسرے ضمن سے آتی ہین اونمین اکثر دیکھا جاتا ہے کہ وکالت نامجات [illegible] مثل پر العبد مقر کے نہین ہوتے بلکہ العبد کے نیچے صرف لفظ مقر لکھا ہوتا ہے نام مقر کا اوسکے قلم سے نہین ہوتا اور بعض وکالت نامجات ایسے ہین جنپر نام مقر کا خود وکیل اپنے قلم سے یا محرر وکیل کا لکھدیتا ہے یہ بات بالکل خلاف ضابطہ و قاعدہ کے ہے اور اسمین بہت سے احتمالات ہوتے ہین ہمنے اکثر وکلا کو اپنے روبرو بلاکر زبانی فہمائش کیا مگر اوسکا کچھ اثر ہمنے نہین پایا عدالتہاے ماتحت کے حکام و اہلکار بھی جبتک توجہ نکرین انتظام [illegible] معلوم ہوتا ہے لہذا آیندہ کے لیے ہدایت حسب ذیل جاری کیجاتی ہے —

(۱) جب کوئی وکالتنامہ ایسا پیش ہو جسپر العبد کے نیچے صرف لفظ مقر لکھا ہو ایسا وکالتنامہ نامنظور کردینا چاہیے —

(۲) اگر کسی وکالتنامہ پر نام مقر العبد کے نیچے لکھا ہو اور لفظ بقلم خود نہو ایسا وکالتنامہ بھی نامنظور ہونا چاہیے یا واپس کیا جاوے

(۳) اگر مقر وکالتنامہ ناخواندہ ہے تو اوسکا کارندہ یا اوسکا کوئی عزیز یا پیروکار اپنے قلم سے نام مقر کا لکھہ سکتا ہے اور جسکے قلم سے نام مقر لکھا جاوے اوسکو اپنا نام لکھنا چاہیے

فلان مقر — بقلم فلان

اگر آیندہ کوئی وکالتنامہ ایسا ناقص پایا جاویگا تو ہم اوس عدالت سے جسمین ایسا وکالتنامہ گذرا اور نیز اوس وکیل سے سخت بازپرس کرینگے —

حکم ہوا کہ

ناظر اجلاس ہذا وکلا کی اطلاع یابی لکھا لیوین اور ایک نقل براے اطلاع عام و ہدایت عدالتہاے ماتحت درج گزٹ ہو —

[illegible]

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲۵ فروری لغایت ۳ مارچ ۱۸۹۵ء

نام	تفصیل پیدائش: مرد مسلم	مرد ہنود	عورت مسلم	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلم	ہنود	تفصیل فوتنے: ایکسال سے ۱۰ سال تک: مرد	عورت	۱۰ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلم	ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
شاہ آباد	۲	۱۰	۰	۱۱	۲۳	۲	۲۱	۰	۱	۱	۰	۳	۰	۴	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۵	۵	۰
ملک	۲	۹	۱	۶	۸	۳	۱۵	۱	۰	۰	۰	۲	۰	۳	۰	۲	۱	۰	۰	۰	۳	۳	۰
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۷
میزان	۴	۱۹	۱	۱۷	۴۱	۵	۳۶	۱	۱	۱	۰	۵	۰	۷	۱	۲	۱	۰	۰	۰	۸	۸	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداے ۲۵ فروری لغایت ۳ مارچ ۱۸۹۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰ ۰	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۰	۱۳ ار	حضور تحصیل و بلاسپور سے نقشے نہیں آئے
نخود خالص	۰	۱۸ ار	۱۸ ار	۱۷ ار	۰	۱۹ ار	
نخود کسہ آمیز	۰	۰	۱۹ ار	۱۸ ار	۰	۱۹ ار	
[illegible]	۰	۰	۲۰ ار		۰	۰	
ماش	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۸ ار	۰	۹ ار	
مونگ	۰	۱۳ ار	۱۲ ار	۰	۰	۹ ار	
مکا	۰	۰	۱۷ ار	۱۷ ار	۰	۱۸ ار	
جوا	۰	۰	۲۰ ار	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۱۷ ار	۰	۰	۱۸ ار	
عدس	۰	۰	۱۵ ار	۰	۰	۱۶ ار	
ارہر	۰	۰	۱۵ ار	۰	۰		
برنج	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۱۰ ار	۰	۱۰ ار	
روغن زرد	۰	ا ر	ا ر	ا ر	۰	ا ر	
روغن سیاہ	۰	۲ ار	۲ ار	۳ ار	۰	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۰	۲ ار	۰	۰	۲ ار	
نمک سانبھر	۰	۸ ار	۹ ار	۸ ار	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۶ ار	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۱۰ ار	۱۲ ار	۰	۰	۹ ار	

مطبوعہ مطبع سرکاری پریس ریاست رامپور